Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | جمعرات، 29 فروری 2024ء، 18 شعبان المعظم 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 282

# 16ویں قومی اسمبلی کے پہلے اجلاس کی تیاریاں مکمل

## پاکستان مسلم لیگ ن کے نامزد امیدوار شہباز شریف کو دوسری بار وزیراعظم بننے کیلئے 169 ووٹ درکار، 200 سے زائد کی حمایت حاصل

## صدر مملکت کے فیصلے کے بعد اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی سربراہی میں ہنگامی اجلاس میں قومی اسمبلی اجلاس بلانے کا فیصلہ کیا تھا

وفاقی وزیر ڈاکیسپورا اینڈ ریسرچ پروفیسر گوہر عبداللہ ملک، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد ودیگر جناب پرنٹر گیمپ کے زیر اہتمام دو روزہ بین الاقوامی کی افتتاحی تقریب میں تاج پہنائے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) 16ویں قومی اسمبلی کے افتتاحی اجلاس کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں ، مجوزہ شیڈول کے مطابق (آج) جمعرات 29 فروری کو 10 بجے نو منتخب ارکان قومی اسمبلی حلف اٹھائیں گے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے ذرائع کے مطابق پنجاب پارلیمنٹری بی 29 فروری کو پہلی قومی اسمبلی کے پہلے اجلاس کیلئے عملی طور پر تیار ہیں۔ مجوزہ شیڈول ( بقیہ نمبر 3 0 )

## وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ثبت جمہوری تاریخ قائم کر دی

### خود چل کر اپوزیشن رہنما رانا آفتاب کی نشست پر گئیں، خیر سگالی کے جذبے کا اظہار

### جتنی مخلوق ارکان کی وزیراعلیٰ، اتنی ہی آپ کی بھی وزیراعلیٰ ہوں، وزیراعلیٰ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ثبت جمہوری تاریخ قائم کر دی ۔ پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف خود چل کر اپوزیشن رہنما رانا آفتاب خان کی نشست پر گئیں اور ان کے لئے خیر سگالی کے جذبے کا اظہار کیا ۔( بقیہ نمبر 3 1 )

## سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں دینے کی مخالفت

### نشستوں کی پوزیشن سے متعلق آرٹیکل 51 کی شق تین دیکھنا پڑے گا، کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں الاٹ کرنے سے متعلق درخواستوں پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کے دوران جمعیت علمائے اسلام فضل الرحمٰن (جے یو آئی ف) نے بھی سنی اتحاد کونسل کو مخصوص ( بقیہ نمبر 4 )

## ہمیں اسمبلی اجلاس کی باضابطہ اطلاع نہیں دی گئی

### ایوان کو خلاف ضابطہ چلانے کی کوشش کی گئی تو نہیں چلانے دیں گے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) سنی اتحاد کونسل کے رہنما رانا آفتاب اللہ خان نے کہا ہے کہ ہمیں اسمبلی اجلاس کی باضابطہ اطلاع نہیں دی گئی تو جمہوریت کو بچانے کیلئے جمہوری رویہ ہے، پنجاب اسمبلی اجلاس کو آئین وقانون کے تحت چلنے دیں گے لیکن ( بقیہ نمبر 3 )

## مریم نواز کی اپوزیشن کو ساتھ چلنے کی دعوت

### مریم نواز نے ایوان میں اپوزیشن رکن رانا آفتاب سے اگلی نشست پر جا کر ملاقات کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپوزیشن لیڈر کی نشست پر اپوزیشن کو ساتھ چلنے کی دعوت دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب اسمبلی کے ایوان میں اپوزیشن لیڈر رانا آفتاب سے ملاقات کر لی ۔ چیئرمین سنی اتحاد کونسل کے رکن پنجاب ( بقیہ نمبر 3 2 )

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سیاسی تناؤ میں کمی کیلئے احسن اقدام اٹھاتے ہوئے اپوزیشن چیئرمین رانا آفتاب سے ملاقات کر رہی ہیں

## اپنا فرض ادا کروں گی، خدمت کرکے مخالفین کو غلط ثابت کریں گے، مریم نواز

# خدمت کا مشن جاری رہیگا

### وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے یونیورسٹی آف لندن کی پرووائس چانسلر، انٹرنیشنل لرننگ اینڈ ٹیچنگ پروفیسر میری سٹیسنی کی ملاقات

### میرا کام پنجاب کے شہریوں کے لئے آسانی پیدا کرنا ہے نہ کہ مشکل پیدا کرنا، مجھ پر مشکل آئے میں برداشت کرلوں گی لیکن عوام پر مشکل آئے یہ مجھے برداشت نہیں ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت کرنا میرا فرض ہے اور میں اسے پوری طرح ادا کروں گی، خدمت کر کے ہم اپنے سارے مخالفین کو غلط ثابت کریں گے، میں اپنے مخالفین کو کہتی ہوں کہ ہمارے ہر بچے کو معیاری تعلیم، انہیں ہنرمند بنانا میری ترجیح ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یونیورسٹی آف لندن کی پرووائس چانسلر، انٹرنیشنل لرننگ اینڈ ٹیچنگ پروفیسر میری سٹیسنی کی ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے مخالفین کو یہ کہتی ہوں کہ آپ کے اس وقت ہم کیا کرنے جا رہے ہیں، اللہ تعالیٰ خیر کرے گا بہت اچھا ہوگا کہ مریم نواز نے پرہٹول نہ لینے کے حوالے سے سوال کے ( بقیہ نمبر 4 )

## وزیراعلیٰ کا ایک ماہ میں صوبے میں کوڑا کرکٹ کی صفائی کا حکم

### ایک ماہ کی مہلت ہے، اس کے بعد دیکھوں گی کہاں عمل ہوا، کہاں عمل نہیں ہوا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایک ماہ کے اندر پورے صوبے میں کوڑا کرکٹ کی صفائی کا ٹاسک دے دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت سٹرا پنجاب پراجیکٹ کا اجلاس ہوا، اس کے ( بقیہ نمبر 3 5 )

## گوادر میں ان بھنبھلوں میں اتنی بارش پہلے کبھی نہیں ہوئی، چیف میٹرولوجسٹ

گوادر (این این آئی) چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز نے کہا ہے کہ گوادر میں ان بھنبھلوں میں اتنی بارش پہلے کبھی نہیں ہوئی۔ ایک انٹرویو میں چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز نے بتایا کہ (آج) جمعرات ( بقیہ نمبر 3 6 )

## آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی خاتون پولیس آفیسر سے ملاقات

### بدعت کی بنیاد پر من مانی کارروائیاں معاشرے کے نقطہ نظر کو کمزور کرتی ہیں

### پاکستانی خواتین نے اپنی قابلیت، استقامت اور عزم کی وجہ سے اندرون و بیرون ملک خود کو منوا کر دکھایا ہے، آرمی چیف

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، سیدہ شہربانو نقوی کی آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، نشانِ امتیاز (ملٹری) سے جنرل ہیڈ کوارٹرز، راولپنڈی میں ملاقات آرمی چیف نے ASP شہربانو کی ڈیوٹی کے دوران بے لوث لگن اور ایک غیر معمولی صورتحال پر قابو پانے میں پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ پیش کرنے پر تعریف کی۔ واضح رہے کہ شہربانو نقوی نے 26 فروری ( بقیہ نمبر 4 2 )

پاکستان آرمی کے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے وفد کے ارکان ایمرجنسی سروسز ایکڈیمی میں موٹر بائیکل ریسکیو سروس کی ٹریننگ کا مشاہدہ کر رہے ہیں

## سرتاج عزیز مرحوم کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے تقریب کا انعقاد

### سرتاج عزیز کی ملک و قوم کے لئے خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، مقررین

### سرتاج عزیز کی ساری زندگی میرے لیے ایک رول ماڈل ہے، میں نے اپنے سیاسی، کیریئر میں ان سے بہت کچھ سیکھا، احسن اقبال

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) بول سروسز اکیڈمی کے زیر اہتمام سرتاج عزیز مرحوم کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مرحوم کی صاحبزادی مہندیہ ایوب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ دیگر شرکاء میں سابق وزیراعظم پاکستان شاہد خاقان عباسی، سابق وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی احسن اقبال، سابق وزیر خارجہ خورشید محمود قصوری، ( بقیہ نمبر 3 7 )

## معاشرے کی بہتری میں خواتین کا نمایاں کردار ہے، مشعال ملک

### وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے تقریبات کا آغاز کیا

### بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں عوام بالخصوص خواتین پر بھارتی فوج کا بیش الفواج کی طرف سے انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیاں جاری ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے عالمی دن کے حوالے سے معاشرے میں سماجی، اقتصادی اور ثقافتی شعبوں میں خواتین کے ناگزیر کردار کو اجاگر کیا ہے۔ وہ پاک گفٹ کنسٹرکشن پرائیویٹ لمیٹڈ کے زیر اہتمام خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ خواتین کا عالمی دن ہر سال 8 مارچ کو منایا جاتا ہے۔ تقریب میں دنیا بھر کے خواتین کی کامیابیوں کو سراہا گیا اور پاکستان میں صنفی مساوات کی جانب پیش رفت اور خواتین ( بقیہ نمبر 3 3 )

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے یونیورسٹی آف لندن کی پرووائس چانسلر، انٹرنیشنل لرننگ اینڈ ٹیچنگ پروفیسر میری سٹیسنی ملاقات کر رہی ہیں

## برگدا رگنائزیشن لاہور کے 30 رکنی وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

### وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکیومنٹری دکھائی گئی

### وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے ممتاز سیاستدانوں کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں دلچسپی کا اظہار کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) برگدا رگنائزیشن لاہور کے 30 رکنی وفد نے بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کیا۔ وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکیومنٹری دکھائی گئی۔ وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے ممتاز سیاستدانوں کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ بعد ازاں وفد نے سینیٹ ہال کا بھی دورہ کیا جہاں پر سینیٹ سٹاف نے وفد کو ایوان بالا کے کام کے طریقہ کار، قانون سازی کی تفتیش اور سینیٹ اجلاس کی کارروائی سے متعلق مفصل بریفنگ دی۔

برگدا رگنائزیشن لاہور کے 30 رکنی وفد پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کر رہا ہے

برگدا رگنائزیشن لاہور کے 30 رکنی وفد کے موقع پر گروپ فوٹو

## ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، سی ٹی او اسلام آباد

### اجلاس میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے، شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات اور مدد فراہم کرنے کے حوالے سے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا گیا

### قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کو مزید سخت اور موثر بنانے کیلئے زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی ہدایات جاری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کی زیر صدارت وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے حوالے سے اجلاس، اجلاس میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے، شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات اور مدد فراہم ( بقیہ نمبر 4 4 )

## گوادر میں حالیہ بارشوں سے نقصان پر شدید تشویش ہے، شہباز شریف

### مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے کارکنان کو ہدایت کی ہے متاثرین کی فوری امداد کی جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گوادر میں حالیہ بارشوں سے ہونے والے نقصان پر ( بقیہ نمبر 4 5 )

## رانا ثنا اللہ کے گھر پر حملے کے الزام میں 12 ملزمان کی عبوری ضمانتیں کنفرم

### لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے فیصلہ سنایا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما سابق وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کے گھر پر حملے کے الزام میں 12 ملزمان کی عبوری ضمانتیں ( بقیہ نمبر 4 6 )

## ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز کی اپاوا کے صدر کو درخواستوں پر منظوری کی یقین دہانی

### اپاوا کے پلٹ فارم دی دی جانے والی درخواستوں کی منظوری کے لئے جڑواں شہروں سمیت ملک بھر کے شکاریوں میں خوشی کی لہر دوڑا دی ہے

موجودہ شکیواروں کا صرف راول ڈیم بلکہ شکاریوں کیلئے بھی بہتری۔ ثابت ہوا ہے، ماضی میں ڈیم پر مچھلی چوری کی وارداتوں پر بڑی حد تک کنٹرول کی گئیں، صدر اپاوا

صدر اپاوا، سیکرٹری قاسم، وائس صدر، حماد علی ظام، وسیم خان، صدیق ٹرکی، انفارمیشن سیکرٹری دلکش اور گورنگ باڈی کے عہدے داران نے ڈی ڈی فشریز اور ڈپٹی ڈائریکٹر راولپنڈی کا شکریہ ادا کیا ہے

## محسن نقوی چھٹیاں منانے فیملی کے ہمراہ بیرون ملک روانہ

### محسن نقوی ایک سال سے زائد عرصہ نگران وزیراعلیٰ پنجاب رہے

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ اور سابق نگراں وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی اپنی فیملی کے ہمراہ رخصت پر بیرون ملک چلے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محسن نقوی فیملی کے ساتھ چھٹیوں پر روانہ ہو گئے ہیں۔ محسن نقوی ایک سال سے زائد عرصہ ( بقیہ نمبر 3 8 )

## ایئر چیف مارشل کا سعودی عرب کا کامیاب دورہ

### سعودی عسکری قیادت سے ہونے والی ملاقاتوں میں پاک سعودی دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا

### ایئر چیف مارشل ظہیر کو سعودی چیف آف جنرل سٹاف ٹیکنگ عبدالعزیز بن آف آر آف دی ایکسلنٹ کلاس سے نوازا

ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سعودی ہم منصب جنرل فیاض بن حامد الرویلی سے ملاقات کر رہے ہیں

ریاض (این این آئی) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے سعودی عرب کا دورہ کیا اور سعودی عسکری قیادت سے ہونے والی ملاقاتوں میں پاک سعودی دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سربراہ پاک فضائیہ نے سعودی ہم منصب جنرل فیاض بن حامد الرویلی ، چیف آف جنرل اسٹاف اور کنگ عبدالعزیز یونیورسٹی کے گورنر لیفٹیننٹ جنرل ترکی بن بندر بن عبدالعزیز سے ملاقاتیں کیں ، ملاقاتوں میں پاک سعودی دفاعی تعلقات ( بقیہ نمبر 40 )

## پاکستان پوسٹ نے انٹرنیشنل فائنل سسٹم سروس متعارف کروادی

### صارف بذریعہ موبائل فون رقم بھیجا وصول کرسکیں گے، پہلے مرحلے میں 10 کاؤنٹر کی رقم کی ترسیل ہو سکے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان پوسٹ میں جدت لانے اور مناسب تکنیکی بنانے کے لیے اہم پیشرفت کی گئی ہے، جس کے تحت رقوم کی پروقت ترسیل کے لیے پاکستان پوسٹ نے انٹرنیشنل فائنل سسٹم سروس کا پائلٹ ( بقیہ نمبر 4 7 )

## آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

### 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والی مالیاتی نتائج کی منظوری

اسلام آباد (روبینہ زرتاج ۔) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والی مالیاتی نتائج کی منظوری دی گئی۔ اطلاعیہ سے مطابق مالی سال 2023-24 کے پہلے چھ ماہ میں اوگی ڈی جی ایل کی نیٹ سیلز 235 ارب روپے رہی۔ اطلاعیہ کے مطابق مشتاق کے ( بقیہ نمبر 4 8 )

سٹیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف "نیا گاہ دستور اینڈ نیا دستور" کا افتتاح کرنے کے بعد گروپ فوٹو

سابق نگراں وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی اپنی فیملی کے ہمراہ رخصت پر بیرون ملک چلے گئے۔ محسن نقوی فیملی کے ساتھ چھٹیوں پر روانہ گئے ہیں۔ محسن نقوی ایک سال سے زائد عرصہ نگران وزیراعلیٰ پنجاب رہے اور اس دوران کئی ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے علاوہ دیگر کام مکمل کروائے۔ ذرائع کے مطابق محسن نقوی سرکاری مصروفیت کی بنا پر فیملی کو زیادہ وقت نہیں دے سکتے اس لیے اب وہ ان کے ہمراہ بیرون ملک چھٹیاں منا رہے ہیں۔ محسن نقوی نے ترقیاتی کاموں کی پیڈیو میں سب وزیراعلیٰ کو پیچھے چھوڑ دیا اور وقت سے پہلے کئی منصوبوں کو مکمل کر کے عوام کو ہر ممکن سہولت دینے کی کوشش کی۔ محسن نقوی کے کام عوام تک پہنچانے میں سیکرٹری انفارمیشن پنجاب دانیال گیلانی، ڈی جی پی

## ٹودی پوائنٹ

محمد فیصل ندیم

faisalandnyomail@gmail.com

### سیکرٹری انفارمیشن پنجاب دانیال گیلانی، ڈی جی پی آر پنجاب روبینہ افضل اور انکی میڈیا ٹیم حکومت پنجاب دانیال گیلانی، روبینہ افضل اور انکی میڈیا ٹیم وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی آواز کو میڈیا کے ذریعے گھر گھر پہنچانے میں ہر ممکن کوشش کر رہے ہے

آر پنجاب روبینہ افضل اور انکی میڈیا ٹیم نے عوام کی بہتری کے لیے کام کیا جا سکے گا۔ مریم نواز نے آتے ہی عوامی فلاح کے لیے کام شروع کر دیے اور شہر شہر کو صاف اور کرپشن فری کرنے پر کام شروع کر دیا ہے۔ سیکرٹری انفارمیشن پنجاب دانیال گیلانی، ڈی جی پی آر پنجاب روبینہ افضل اور انکی میڈیا ٹیم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی آواز کو میڈیا کے ذریعے گھر گھر پہنچانے میں ہر ممکن کوشش کر رہے ہے تا کہ عوام موجودہ وزیراعلیٰ پنجاب کا کارکردگی سے باخبر رہ سکے اور انتشار اور ملک کو نقصان پہنچانے والوں سے خود دور ہو جائے۔

اس سے شہت سیاست کا دور شروع ہوگا اور بھرپور کردار ادا کیا جس کو محسن نقوی صاحب نے خود تسلیم بھی کیا۔ پنجاب کی پہلی خاتون مریم نواز شریف کا وزیر اعلیٰ بننا ہر خواتین کے لیے فخر کی بات ہے اس سے اب خواتین کے لیے مزید راستے ہموار ہو گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے اپوزیشن کے لیے اپنے دروازے کھول کر بڑے پن کا مظاہرا کر دکھایا اور پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف خود چل کر اپوزیشن رہنما رانا آفتاب احمد خان کی نشست پر گئیں اور ان کے لئے خیر سگالی کے جذبے کا اظہار کیا

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
ABC عوام کی رائے ساتھ لکھتا
ڈکلیریشن نمبر: 9-ایف پی-ایس-ایس-ایس

## آئیکسوریجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینس 29 فروری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد(ٹرائبلہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک کے سپلائی کنٹرول (آئیکسو) کے زیر نگرانی کی جانب سے بوجہ ضروری سسٹم میٹینس کے مطابق پیرودھائی، کالا ماٹن، بنہ پڑیاں، سنگجانی، شاہدرہ، شمیرا، میرا، AWC ہاؤسنگ، راشد منہاس، پنتھ چوراں، مسکین ابادی، امید، امید، مارگلہ ٹاور، رودن، سیلہ، پکھری، ڈھوک، ٹھوڈی، ٹاؤن، فراش، کالا ڈھیری، سنگ بھلی، بنہ کلاں، ڈھوک ڈھوک، موضع 29 فروری 2024 بتاریخ 09:00 سے 02:00 تک، اسلام آباد سرکل، اسلام آباد کلب، ۱-ستارہ مارکیٹ، سعودی پاک، مارسوان، پوری روڈ، اقبال، شریف، اقبال ایونیو، F-9، F-9 پارک، BIEO، 8-I، امرتسر، 11/1-2، G-13/2، G-11/1، 12/1، شاہ، پاکستان، نیشنل، اقبال، اس، PAF، TDCP، پی، سہرا، ڈھوک، مسعود، بخاری، مارکیٹ، الیکٹرونکس، ایونیو، سی، ایف، ڈی، PHA، PHA-II، کری روڈ، اسی پاک، ایونیو، سپریم، کورٹ، نکلن، عامر، شیرشاہ، شمس، پٹرول، پمپ، موہن، موہن، شاہ دین، ٹاؤن، روڈ، نفاذیہ، F-17/1 & 2، کوثری، بخرد روڈ، ہاؤس، کوثری، کیٹ، سرکل، مندرہ، II، کرب، کسوال، نشان، حیدر، گیٹ، روڈ، روڈ، PAF، NPF-2، موہرہ، گیال، مری، مری، مری، موہڑہ، بھیر، پالی، شاہ پور، موت، شاہ دین، آبادان، پٹرول، مارکیٹ، شید، موہڑہ، شاہ دین، آبادان، SEP-Abrar، پٹرول، مارکیٹ، شید، موہڑہ، شاہ دین، آبادان

# اے سی گوجر خان میاں مراد گرانفروشوں کے خلاف کمربستہ

## مصنوعی مہنگائی کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والے متعدد سبزی پھل فروشوں اور دکانداروں کو جرمانے عائد کیے

## شہریوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں اس حوالے سے میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہوں

گوجر خان (قمر شہزاد) تحصیلات کے رمضان المبارک کی آمد سے پہلے شہریوں کو ریلیف فراہم کروانے کے لیے ذخیرہ اندوزوں گراں فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین گیلانی کا روایات جاری شہر بھر میں سبزی پھل فروشوں دکانداروں کو تھیلے کے دوران کرتے ہوئے اشیاء خورد و نوش کی کوالٹی اور ریٹس کی چیکنگ کی گئی۔ (بقیہ نمبر 1)

گراں فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ریٹ لسٹ سے تجاوز کرنے اشیاء خورد و نوش کو مہنگے داموں فروخت کرنے پر متعدد دکانداروں کو جرمانے عائد کیے اسی کو گوجر خان نے تمام دکانداروں کو تھیلے کرتے ہوئے کہا کسی کو بھی شہریوں کو لوٹنے کی

## حکومت ملک میں سیاسی و معاشی استحکام یقینی بنائے گی، نواز شریف

### تمام مسائل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، امید ہے کہ سارے حل ہوں گے

اسلام آباد (رویندہ رزاق سے) مسلم لیگ (ن) کے قائد اور سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام کو یقینی بنائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں شرکت کے لئے پارلیمنٹ آمد پر صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا۔ محمد نواز شریف پارلیمنٹ ہاؤس پہنچے تو (بقیہ نمبر 2)

سی پی او خالد ہمدانی پولیس افسران سے خطاب کر رہے ہیں

## مستحق افراد کیلئے فتح دولی میڈیکل کیئر سنٹر دوالمیال کا افتتاح

### افتتاح چیئرمین دولی فاؤنڈیشن دوالمیال ایڈمرل (ر) عبدالعلیم نے کیا

چوآ سیدان شاہ (خادم شہزاد) دولی کیئر فاؤنڈیشن دوالمیال (رجسٹرڈ) کی خصوصی دسماعت سے علاقے کہوٹن کے قصبہ دوالمیال میں غریب اور حق افراد کیلئے پہلے تاریخی فتح دولی میڈیکل کیئر سنٹر دوالمیال کا افتتاح کر دیا گیا۔اس سلسلے میں (بقیہ نمبر 5)

## پنجاب حکومت کا رواں برس سستے رمضان بازار نہ لگانے کا فیصلہ

### ماڈل بازاروں میں ایگریکلچر فیئر پرائس شاپ فعال کی جائیں گی ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سبسڈی سے چلنے والے رمضان بازاروں کا منصوبہ ختم کر دیا۔سابق وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف کے خصوصے میں سبسڈی پر رمضان بازار لگائے جاتے تھے،نئی حکومت نے تحقیقات کو

## ڈپٹی کمشنر بھکر بھی مستعد

## رمضان پیکیج کی شفافیت کو یقینی بنائیں، ڈپٹی کمشنر بھکر

### بھکر میں bisp کے 1لاکھ 22ہزار 8 تا 70رجسٹرڈ خاندانوں میں رمضان پیکیج گھروں کی دہلیز پر پہنچائے جائیں گے

### اشیائے خورد و نوش کے معیار اور مقدار کو جانچنے کیلئے فوری ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، ڈپٹی کمشنر بھکر محمد اعوان

بھکر (ظفر اعوان) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی احکامات کی روشنی میں رمضان المبارک کے بابرکت موقع پر ضلع بھکر میں bisp کے 1لاکھ 22ہزار 8 تا 70رجسٹرڈ خاندانوں میں رمضان پیکج کے تحت فوڈ پیمز زمرت وتحریم کیساتھ مستحقین کے گھروں کی دہلیز پر پہنچائے جائیں گے اس سلسلہ میں تحصیلوں کی کمیٹیوں تشکیل دے دی گئی ہیں جو کہ پنڈ اسرکل (بقیہ نمبر 20)

بھکر ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد اعوان رمضان پیکیج کے حوالے سے فیلڈ بیلاری سرکل، BISP کے رجسٹرڈ افراد کی موقع پر پریڈ تھیلیشن کا جائزہ لے رہے ہیں

## پیپلز پارٹی نے کہا ایم کیو ایم کا مینڈیٹ 100 فیصد جعلی ہے، مصطفیٰ کمال کی آڈیو وائرل

کراچی (این این آئی) حقوق قومی موومنٹ پاکستان کے ڈپٹی کنوینر مصطفیٰ کمال کی آڈیو لیک سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی جس میں انہوں مسلم لیگ (ن) سے ملاقات کے دوران سے رہ دیے کا گلہ کرتے سنا جا سکتا ہے۔ایم کیو ایم کے ڈپٹی کنوینر مصطفیٰ کمال کی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں گفتگو کی آڈیو لیک ہو کر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے جس میں انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے ساتھ مذاکرات کے سلسلے میں ہونے والے ملاقات میں (بقیہ نمبر 23)

## اسلام آباد، دو درجن بھکاریوں سمیت 10 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

### منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھی جائیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس نے 24 گھنٹوں کے دوران دو پیشہ ور بھکاریوں سمیت 10 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف (بقیہ نمبر 21)

## اسلام آباد، 4 منشیات فروش گرفتار کر لیا

### قبضہ سے 2095 گرام ہیروئن، 3962 گرام چرس، 60 لیٹر شراب اور آئس برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس نے 4 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے قبضہ سے 2095 گرام ہیروئن، 3962 گرام چرس، 60 لیٹر شراب اور آئس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر (بقیہ نمبر 22)

## 16 گھنٹے سے زائد مسلسل بارش نے گوادر میں تباہی مچا دی

### گوادر کی بجلی متاثر ہوگئی، موبائل فون نیٹ ورک بھی معطل، تیز ہواؤں کے باعث کئی کشتیاں آبی میں بکھر کر ٹوٹ گئیں



راولپنڈی، اشتہاری مجرم تھانہ نیکسلا پولیس کی حراست میں

گوادر (این این آئی) 16 گھنٹے سے زائد مسلسل بارش نے بلوچستان کے شہر گوادر سمیت گرد و نواح کے اضلاع میں تباہی مچا دی۔ سڑکیں زیر آب آگئیں جس کے باعث شہری نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو گئے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ گوادر میں 168 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ سڑکیں زیر آب آچکی ہیں، بازی گھروں اور دکانوں میں داخل ہو گیا، شہری نقل مکانی پر مجبور ہو گئے اور رات کھلے آسمان تلے گذاری۔ گوادر کی بجلی متاثر ہوگئی ہے جبکہ موبائل فون نیٹ ورک بھی معطل ہو گیا، تیز ہواؤں کے باعث کشتیاں آبی میں بکھر کر ٹوٹ گئیں۔ ریپورٹ کے مطابق گوادر میں مثل (بقیہ نمبر 24)

## احتجاج اور توڑ پھوڑ کیس، عمران خان، فیصل جاوید، اسد عمر و دیگر ملزمان بری

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے احتجاج اور توڑ پھوڑ کیس میں بری کر دیا۔ سابق وزیر اعظم و بانی تحریک انصاف عمران خان، بیرسٹر فیصل جاوید، سابق رہنما اسد عمر اور دیگر کو بری کر دیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ محمد شبیر نے عمران خان و دیگر کی بریت کی درخواستیں منظور کرنے کا فیصلہ جاری کر دیا۔ ملزمان پر 26 مئی 2022 کو قائد (بقیہ نمبر 26)

## 3 ملزمان گرفتار، قبضہ سے چرس، شراب اور چٹیں برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضہ سے چرس، شراب اور چٹیں برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم زبیر سے 540 گرام چرس، بنی پولیس نے ملزم ذہن سے 5 لیٹر شراب، قمیر آباد پولیس نے ملزم حماد سے 10 چٹیں اور دو برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی: بائیک لفٹر گینگ کے ملزمان گوجر خان پولیس کی حراست میں۔

## راولپنڈی، گوجر خان پولیس کی کامیاب کارروائی

### 3 رکنی بائیک لفٹر گینگ گرفتار، 6 موٹر سائیکل برآمد کر لی گئیں

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر کے چوری شدہ 6 موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں تصور، حمزہ اور عبدالرحمٰن شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ 6 موٹر سائیکل برآمد ہوئے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

## بلدیہ ملازمین کو درپیش مسائل کے حوالے سے اجلاس

### سنیارٹی لسٹ کے حوالے سے ملازمین میں جو بے چینی پائی جاتی ہے، تمام مسائل بروئے کار لاتے ہوئے مسائل حل کروائے جائیں گے، اجمل وارثی

### ماضی میں بلدیات کا کوئی نام لیوا نہ تھا،اس کا ملازم عدم تحفظ کا شکار تھا،شاہین ہنت کشوں کی امنگوں کی ترجمان ہے خواجہ بلال سلیم

گوجر خان (قمر شہزاد) بلدیہ گوجر خان ملازمین یونین شاہین بلدیاتی فیڈریشن گوجر خان کا اجلاس چیئرمین اجمل وارثی، اور جنرل سیکرٹری خواجہ بلال سلیم کی زیر صدارت ہوا، جنکا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اجلاس میں ملازمین کو درپیش مسائل، ملازمی لسٹ، ہائم ٹیبل، ایم گریڈ والوں اور ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل کرنے جیسے معاملات سمیت کو زلیبوایم سی کے ملازمین کے ساتھ نادیا سلوک کے حوالے سے سٹیئرنگ صدر آصف بخاری،سفیر نائب صدر وسیم احمد بلال اور ڈپٹی ڈبیر شاہد حمزہ نے یونین کو بتایا (بقیہ نمبر 28)

## راولپنڈی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے پر 7 ملزمان گرفتار

### قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ٹمیاڑ تھانہ پولیس نے ملزم خرم ہمدانی سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم اعظم سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم اسلم بھٹی سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، بنیر آباد پولیس نے ملزم بابر سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لئے۔ ڈویژن ایس پیز نے کہا کہ ناجائز اسلحہ (بقیہ نمبر 29)


مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

راولپنڈی، قمار باز بیرو دھائی پولیس کی حراست میں

## تھانہ پیرودھائی پولیس کی کارروائی، 6 قمار باز گرفتار

### قبضہ سے داؤ پر لگی رقم 34 ہزار روپے، 5 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جوا کھیلنے والے 6 قمار بازوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 34 ہزار روپے، 5 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جوا کھیلنے والے 6 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں (بقیہ نمبر 13)

## ڈپٹی کمشنر بھکر نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا موقع پر جائزہ لیا

### والدین پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے کو حفاظتی ویکسین کے قطرے ضرور پلوائیں

بھکر (ظفر اعوان) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان کا شہر کے مختلف ایریاز میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا موقع پر جائزہ، انہوں نے ضلعی حکومت کی ڈیوٹی پر مامور قطرے پلانے والی ٹیموں کو ہدایات جاری کی کہ پولیو رائونڈ کے دوران کوئی بھی پانچ سال تک کی عمر کا بچہ حفاظتی ویکسین کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے اور مقررہ اہداف کی سو (بقیہ نمبر 14)

بھکر: ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان شہر کے مختلف ایریاز میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں

## پاور سیکٹر میں آئیسکو کارکردگی کے اعتبار سے بہترین کمپنی قرار

### کارکردگی رپورٹ کے مطابق آئیسکو سو فیصد اہداف حاصل کرنے میں کامیاب رہی

صارفین کو بہترین سہولت کی فراہمی جاری ہے، ڈاکٹر محمد امجد خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو

اسلام آباد (رویندہ رزاق سے) پاکستان کی پاور سٹرکچرنگ کمپنیوں میں بہترین کارکردگی کی بنیاد پر آئیسکو کو بہترین کمپنی قرار دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹیرا ہی کی جانب سے بجلی کمپنیوں کی کارکردگی بارے رپورٹ جاری کی گئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ پاور سیکٹر میں آئیسکو نے سو فیصد اہداف حاصل کر کے بہترین کمپنی ہونے کا ثبوت دیا ہے۔اس کے علاوہ پیمرا رپورٹ میں صارفین سے بجلی واجبات کی وصولی کے لحاظ سے بھی آئیسکو کی کارکردگی کو سراہا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر محمد امجد خان کا اس کامیابی کے موقع پر کہنا تھا کہ بجلی کی تقسیم کمپنیوں میں آئیسکو کی جانب سے خیابان کی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی بنیادی وجہ آئیسکو افسران اور عملے (بقیہ نمبر 15)

## سی پی او راولپنڈی کی سی ایم ایچ ہسپتال آمد، زخمی کانسٹیبل کی عیادت

### کانسٹیبل الغام علی کو علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایات

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی سی ایم ایچ ہسپتال آمد،سی پی او نے جمیل کے علاقے میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے کانسٹیبل الغام علی کی عیادت کی، جلد صحت یابی کی دعا کی اور تیک خواہشات کا اظہار کیا، سی پی او نے کانسٹیبل الغام علی کو علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے حفظ القرآن کی ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی گزشتہ رات اسی ایم ایچ ہسپتال پہنچ گئے جی پی او نے جمیل کے علاقے میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی سی پی او سید خالد ہمدانی کانسٹیبل الغام علی کی عیادت کر رہے ہیں

## سیف سٹی تکنیکی نگرانی ٹیم نے پولیس کو مطلوب 18 ملزمان کی نشاندہی کی

### 13 اشتہاری ملزمان، 3 عدالتی مفروران اور 2 پولیس کو انتہائی مطلوب ملزمان ملزمان کے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس سیف سٹی تکنیکی نگرانی ٹیم نے سال 2024 میں پولیس کو مطلوب 18 ملزمان کی نشاندہی کی جن میں 13 اشتہاری ملزمان، 3 عدالتی مفروران اور 2 پولیس کو انتہائی مطلوب نامزد ملزمان کے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بدوقت مصروف عمل ہے، اسلام آباد کیپٹل سیف سٹی تکنیکی نگرانی (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی سنیچک کی وارداتوں میں ملوث ملزمان وصیل پولیس کی حراست میں

## انتخابی عذر داری سے متعلق نواز شریف کی درخواست خارج

### درخواست گزار الیکشن ٹریبونل سے رجوع کر سکتا ہے، الیکشن کمیشن نے محفوظ فیصلہ سنا دیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے این اے 15 انتخابی عذر داری کیس میں سابق وزیر اعظم و قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف کی درخواست خارج کر دی۔ الیکشن کمیشن نے این اے 15 مانسہرہ میں نواز شریف کی انتخابی عذر داری کیس سے متعلق گزشتہ روز محفوظ کیا گیا فیصلہ جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اپنے فیصلے میں قائد مسلم لیگ (ن) کی درخواست خارج کرتے ہوئے ہدایت (بقیہ نمبر 18)

## راولپنڈی، قتل مقدمات میں مجرمان کو سزائیں سنا دیں گئیں

### مجرمان کو 2 بار سزائے موت، عمر قید، 14 سال قید، 20 لاکھ روپے ہرجانے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پیروی کے باعث معزز عدالتوں نے قتل کے مقدمات میں مجرمان کو سزائیں سنا دیں، مجرمان کو 2 بار سزائے موت، عمر قید، 14 سال قید، 20 لاکھ روپے ہرجانے، 4 لاکھ روپے جرمانے اور 10 ہزار روپے دیان کی سزائیں سنائیں۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے دوہرے قتل کے مقدمہ (بقیہ نمبر 19)


ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الدین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

راولپنڈی سی پی او سید خالد ہمدانی پولیس لائنز کوارٹرز میں افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

## سٹی پولیس راولپنڈی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر میں اجلاس

### پاکستان سپر لیگ میچز کے دوران فول پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں گے، سید خالد ہمدانی

### ڈیوٹی پر الرٹ رہتے ہوئے اردگرد کے ماحول اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی جائے، اجلاس سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت گزشتہ روز پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں ایس ایس پی آپریشنز،ایس پی ہیڈ کوارٹرز،ایس ایس پی آئی ایس، ڈویژنل ایس پیز،ایس ڈی او ٹریفک، ڈی ایس ایس کینٹونمنٹ، ڈی ایس پی سیکورٹی، ڈی ایس پیز ایڈمنسٹریشن کرائم،ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او زسمیت دیگر افسران نے شرکت کی بلجیکن پی او نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ میچز کے دوران فول پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں گے، ڈیوٹی پر الرٹ رہتے ہوئے اردگرد کے ماحول اور مشکوک افراد (بقیہ نمبر 8)

## راولپنڈی، سول لائنز پولیس کی کارروائی، قتل کا ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) چوڈیجل پیکیس کے احاطہ میں فائرنگ سے ایک شخص کے قتل کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی پشوپہار سے واقعہ کی رپورٹ طلب کی جس پر سول لائنز پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم غفار خان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق چوڈیجل پیکیس کے احاطہ میں فائرنگ سے ایک شخص کے قتل کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے (بقیہ نمبر 10)

## راولپنڈی، صدر بیرونی پولیس کی کارروائی، ہڑکے سے نازیبا حرکات کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 14 سالہ لڑکے سے نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ لڑکے کے والد نے صدر بیرونی پولیس کو درخواست دی انہوں نے کہا کہ حکومت چاہے تو دھماکوں کے الزامات کی تحقیقات کے لیے کمیشن تشکیل دیا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 12)

## سنیچک کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

### مسروقہ رقم 44 ہزار روپے، چھینا گیا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ وصیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سنیچک کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ 44 ہزار روپے، چھینا گیا موٹر سائیکل برآمد کر لیا۔ (بقیہ نمبر 9)

## اغواء اور زیادتی مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

### اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ایس پی پشوپہار ناصر نواز

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اغواء اور زیادتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اغواء اور زیادتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم سال 2023 سے تھانہ ٹیکسلا پولیس کو مطلوب تھا۔ ایس پی پشوپہار ناصر نواز نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

## شہباز شریف حکومت آئی ایم ایف پروگرام میں تاخیر نہیں کرے گی

### ملک میں خلفشار پھیلنے سے پہلے دھماکوں کے الزامات کی تحقیقات کروائیں جائیں، جرم دیگر

اسلام آباد (رویندہ رزاق سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما خرم دستگیر نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم شہباز شریف کی حکومت آئی ایم ایف پروگرام میں کسی قسم کی تاخیر نہیں کرے گی۔ ایک اخبار میں خرم دستگیر نے تجویز پیش کی


فوری ضرورت

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com